U5411

1[illegible]-12-[illegible]

Title — SALAANA REPORT ANJUMAN TARAQQI URDU (HIND)

Creator — Murattiba Abdul Haq

Publisher — Lateefi Press (Delhi).

Date — 1937.

Pages — 71

Subjects — Report — Anjuman Taraqqi Urdu (Hind).

سالانہ رپوٹ

انجمن ترقّیٔ اُردو (ہند)

بابت سنہ ۱۹۳۷ء

مرتبہ و شایع کردہ

عبدالحق بی۔اے (علیگ) ڈی لٹ (آلہ آباد)

سیکرٹری انجمن ترقی اُردو (ہند)

لطیفی پریس دہلی دروازہ۔ دہلی

دی اسٹینڈرڈ انگلش ۔ اردو ڈکشنری

مرتبۂ

انجمن ترقی اردو (ہند)

جس قدر انگلش اردو ڈکشنریاں اب تک شائع ہوئی ہیں ان میں سب سے زیادہ جامع اور مکمل یہ ڈکشنری ہے ۔ اس میں تخمیناً دو لاکھ انگریزی الفاظ اور محاورات کی تشریح کی گئی ہے ۔ چند خصوصیات ملاحظہ ہوں :۔

(۱) یہ بالکل جدید ترین لغت ہے ۔ انگریزی زبان میں اب تک جو تازہ ترین اضافے ہوئے ہیں وہ تقریباً تمام کے تمام اس میں آ گئے ہیں ۔

(۲) اس کی سب سے بڑی اہم خصوصیت یہ ہے کہ اس میں ادبی ، مقامی اور بول چال کے الفاظ کے علاوہ ان الفاظ کے معنی بھی شامل ہیں جن کا تعلق علوم و فنون کی اصطلاحات سے ہے ۔ اسی طرح ان قدیم اور متروک الفاظ کے معنی بھی درج کیے گئے ہیں جو ادبی تصانیف میں استعمال ہوئے ہیں ۔

(۳) ہر ایک لفظ کے مختلف معانی اور فروق الگ الگ لکھے گئے ہیں اور امتیاز کے لیے ہر ایک کے ساتھ نمبر شمار دے دیا گیا ہے ۔

(۴) ایسے الفاظ جن کے مختلف معنی ہیں اور ان کے نازک فروق کا مفہوم آسانی سے سمجھ میں نہیں آتا ۔ ان کی وضاحت مثالیں دے دے کر کی گئی ہے ۔

(۵) اس امر کی بہت احتیاط کی گئی ہے کہ ہر انگریزی لفظ اور محاورے کے لیے ایسا اردو مترادف لفظ اور محاورہ لکھا جائے جو انگریزی کا مفہوم صحیح طور سے ادا کر سکے اور اس غرض کے لیے تمام اردو ادب ، بول چال کی زبان اور پیشہ وروں کی اصطلاحات وغیرہ کی پوری چھان بین کی گئی ہے ۔ یہ بات کسی دوسری ڈکشنری میں نہیں ملے گی ۔

(۶) ان صورتوں میں جہاں موجودہ اردو الفاظ کا ذخیرہ انگریزی کا مفہوم ادا کرنے سے قاصر ہے ایسے نئے مفرد یا مرکب الفاظ وضع کیے گئے ہیں جو اردو زبان کی فطری ساخت کے بالکل مطابق ہیں ۔

(۷) اس لغت کے لیے کاغذ خاص طور پر باریک اور مضبوط تیار کرایا گیا تھا جو بائبل پیپر کے نام سے موسوم ہے ۔ طباعت کے لیے اردو اور انگریزی ہر دو خوبصورت ٹائپ استعمال کیے گئے ہیں ۔ جلد بہت پائدار اور خوشنما بنوائی گئی ہے ۔

(ڈمائی سائز ۔ صفحات ۱۵۱۳ + ۳۲) قیمت سولہ روپے کلدار علاوہ محصولڈاک

ملنے کا پتہ

دفتر انجمن ترقی اردو (ہند) اورنگ آباد (دکن)

سالانہ رپوٹ
انجمن ترقی اردو
بابت سنہ ۱۹۳۷ء

۱- اس سال ناظم صاحب تعلیمات ممالک محروسہ سرکار عالی نے ایک کمیٹی کے ذریعہ اردو کی درسی کتابوں کی جو ریاست حیدرآباد دکن کے مدارس کے لیے انجمن نے تیار کی تھیں، نظر ثانی کرائی۔ کمیٹی کے مشورے کے مطابق ضروری اصلاح و ترمیم عمل میں آئی اور تمام کتابیں از سرنو طبع کرائی گئیں۔ انجمن کا مطبع اس سال زیادہ تر انھیں کتابوں کے طبع کرنے میں مصروف رہا۔

ان کے علاوہ نصاب اردو (برائے میٹریکولیشن) بھی طبع ہوا۔

۲- چند ہم عصر-

جیساکہ گزشتہ رپوٹ میں لکھا گیا تھا شیخ چاند مرحوم نے معتمد انجمن ترقیٔ اردو کے وہ مضامین جو انھوں نے بعض ہم عصر بزرگوں اور احباب کی وفات پر یا کسی دوسرے ضمن میں لکھے تھے، مختلف رسالوں اور کتابوں کے تبصروں وغیرہ سے بڑی تلاش کے بعد جمع کیے تھے، کتاب کی صورت میں شایع کیے گئے۔

۳ - جگ بیتی

یہ پنڈت برجموہن دتاتریا کیفی صاحب کی جدید مثنوی ہی جو انجمن نے شایع کی - یہ مثنوی ہماری اکثر قدیم مثنویوں کی طرح فرضی اور خیالی یا غیر فطری قصے پر بنی نہیں بلکہ اس کا تعلق ہمارے زمانے کی موجودہ زندگی سے ہی اور اسے اس نہج سے بیان کیا ہی کہ اس کا اثر زمانۂ حال کی کشمکش اور خصوصًا ہندو مسلم تعلقات پر بہت ہی اچھا مترتب ہوتا ہی - اس کے علاوہ زبان و بیان کی خوبیاں الگ ہیں - ایک جدّت حضرت کیفی نے یہ کی ہی کہ موقع و محل کے لحاظ سے کہیں کہیں بحر بھی بدل دی ہی - اس سے بھی خاص لطف پیدا ہوگیا ہی -

۴ - اس سال انجمن کا سب سے بڑا علمی کارنامہ انگریزی اردو لغت یعنے "سٹینڈرڈ انگلش اردو ڈکشنری" کی تکمیل اور اشاعت ہی - یہ بڑی تقطیع کے تقریبًا سولہ سو صفحوں پر ہی اور ہر صفحے میں دو کالم ہیں - انجمن کو اس کی تیاری میں مصارف کثیر برداشت کرنے پڑے - یہ کئی سال کی متواتر محنت اور متعدد دماغوں کی کوشش و کاوش کا نتیجہ ہی - ہندستان کیا ایشیا کی کسی زبان میں ایسی جامع اور مبسوط لغت اب تک نہیں لکھی گئی - اس کے لیے کاغذ بھی خاص طور پر تیار کرایا گیا تھا - یہ کاغذ "بائبل پیپر" کے نام سے موسوم ہی جو ہلکا، باریک اور مضبوط ہی - ورنہ یہ ضخیم کتاب ایک جلد میں نہیں سما سکتی تھی - اردو ٹائپ بھی اس کے لیے خاص طور پر بنوایا گیا تھا - ہماری زبان میں ایسی لغات کی شدید ضرورت تھی اور خوشی کی بات ہی کہ یہ ضرورت بہ احسن وجہ پوری

ہوگئی۔ کتاب انجمن کے مطبع میں بڑی صحت و صفائی کے ساتھ طبع ہوئی ہی اور جلد بھی بہت خوبصورت اور مضبوط ہی۔

انجمن نے اس سال سے اُن تجاویز کے مطابق جو اردو کانفرنس منعقدۂ علی گڑھ میں منظور ہوئی تھیں اپنے کاموں اور اپنے مقاصد کو زیادہ وسیع کرنے اور اردو زبان کی اشاعت کے ذرائع کو عمل میں لانے کا پورا ارادہ کرلیا ہی اور اس کا آغاز بھی کردیا ہی۔ ان سب کا مختصر ذکر اس رپوٹ میں اپنی اپنی جگہ پر کیا جاے گا۔

سب سے پہلے ہم انجمن کے علمی کاموں کا ذکر کرتے ہیں۔ انجمن نے یہ تہیہ کرلیا ہی کہ ہر سال کم سے کم بیس کتابیں شایع کی جائیں۔ جن میں ادبی، علمی، استنادی اور عام دلچسپی کی عام فہم کتب شامل ہونگی۔ چنانچہ اس کا اہتمام اسی سال سے شروع کردیا گیا ہی۔ جو کتابیں زیر طبع یا زیر تالیف ہیں اُن کی تفصیل یہ ہی۔

(۱) طلبہ کی انگریزی اردو لغت۔

یہ بڑی لغات کا (جس کا ذکر اوپر آچکا ہی) اختصار ہی۔ باوجود اختصار کے بہت جامع ہی۔ صرف متروک اور غریب الفاظ یا ایسی اصطلاحات جن کا تعلق خاص فنون سے ہی اور ادب میں شاذ و نادر استعمال ہوتی ہیں، خارج کردی گئی ہیں۔ یہ کتاب تقریباً بالکل تیار ہی اور ۳۸ء میں شایع ہوجاے گی۔

(۲) ملا نصرتی ملک الشعراے بیجاپور۔

نصرتی جو علی عادل شاہ ثانی سلطان بیجاپور کے دربار کا

ملک الشعرا تھا، قدیم دکنی اردو میں بہت بڑے پائے کا شاعر گزرا ہی۔ رزم و بزم دونوں کا اُستاد تھا۔ یہ محققانہ کتاب اس نامور شاعر کے حالات و کلام پر ہی۔ یہ باقساط رسالۂ اردو میں شایع ہوئی تھی، اب بعد نظر ثانی و اصلاح و اضافہ مع فرہنگ و تصاویر (جن کا تعلق نصرتی کی مثنوی "گلشن عشق" سے ہی) شایع کی جارہی ہی۔ تقریبًا نصف حصہ چھپ چکا ہی۔

(۳) مقالات گارساں دتاسی۔

گارساں دتاسی کے خطبات اس سے قبل انجمن شایع کرچکی ہی۔ ان سالانہ خطبات کا سلسلہ ۱۸۵۰ء سے ۱۸۶۹ء تک جاری رہا۔ اس کے بعد وہ پروفیسری سے سبکدوش ہوگئے تو یہ سلسلہ بھی موقوف ہوگیا۔ لیکن انھوں نے یہ سلسلہ ہر سال مضامین کی صورت میں جاری رکھا۔ یہ مقالات ایسے ہی کارآمد اور پُر از معلومات ہیں جیسے اُن کے خطبات۔ ترجمہ ہورہا ہی اور آیندہ سال شایع ہوجائے گا۔

(۴) مثنوی قطب و مشتری۔

یہ وجہی مصنف "سب رس" کی تصنیف ہی۔ میرے پاس اس کا ایک نسخہ ہی مگر وہ ناقص ہی، اس کا دوسرا نسخہ برٹش میوزیم میں ہی، اس کا فوٹو منگایا گیا۔ اور دونوں کے مقابلے سے تصحیح کرکے مرتب کی گئی۔ یہ مثنوی نایاب ہی۔ ۱۰۱۸ ہجری کی تصنیف ہی اور قدیم دکنی اردو کا بہت اچھا نمونہ ہی۔ کیونکہ وجہی اپنے زمانے

کا بہت بڑا ادیب گزرا ہے۔ کتاب کا ایک حصہ چھپ چکا ہے، باقی چھپ رہا ہے۔

(۵) تقویم ہجری و عیسوی۔

اس تقویم میں سنہ ایک ہجری سے ۱۵۰۰ ہجری تک ہجری اور عیسوی سنہ کی مطابقت دکھائی گئی ہے۔ دوسری جنتریوں میں (خواہ انگریزی ہوں یا کسی دوسری زبان کی) یہ دقت ہوتی ہے کہ علاوہ ورق گردانی کے علحدہ حساب بھی کرنا پڑتا ہے اور کافی وقت صرف کرنے کے بعد صرف قریبی تاریخ معلوم ہوسکتی ہے۔ اس تقویم کی یہ خصوصیت ہے کہ اس میں علاوہ سنہ کے مہینہ، تاریخ اور دن بھی معلوم ہوسکتا ہے۔ ایک ایسی تقویم کی بہت ضرورت تھی۔ اسے ابوالنصر محمد خالدی، ایم۔اے (عثمانیہ) نے مرتب کیا ہے۔

(۶) اصطلاحات پیشہ وراں۔

اس پر کئی سال سے کام ہو رہا ہے۔ اس میں ہزاروں لفظ ایسے ہیں جو نہ کتابوں میں ملتے ہیں نہ لغات میں۔ اور افسوس یہ ہے کہ اب بول چال سے بھی مٹتے جاتے ہیں۔ مختلف مقامات کا دورہ کرکے اور پُرانے استادوں سے مل کر بڑی محنت اور کاوش کے بعد جمع کیے گئے ہیں۔ پہلی جلد بالکل تیار ہے، نظر ثانی ہو رہی ہے، تصویروں کا انتظام کرنا باقی ہے یہ جلد آیندہ سال چھپ کر شایع ہوجائے گی۔ پوری کتاب کئی جلدوں میں آئے گی۔ اس سے نہ صرف زبان کے ذخیرے میں اضافہ ہوگا بلکہ سائنس کے بعض

شعبوں کے لیے بہت سے کارآمد لفظ مل جائیں گے۔ مکمل کتاب شایع ہوگئی تو یہ بھی انجمن کا بڑا کارنامہ ہوگا۔

(۷) اصطلاحات علمیہ۔

گیارہ سال کا عرصہ ہوتا ہے کہ انجمن نے اصطلاحات علمیہ کی ایک فرہنگ شایع کی تھی۔ اب اس میں معتدبہ اضافہ ہی نہیں کیا جارہا بلکہ تمام اصطلاحات پر نظرثانی بھی کی جارہی ہے۔ اس نظرثانی کا مقصد یہ ہے کہ جہاں تک ممکن ہو سہل الفاظ رکھے جائیں۔ اگرچہ اصطلاحات کے بنانے میں کئی قسم کی مجبوریاں ہیں تاہم کوشش کی گئی ہے کہ زیادہ ثقیل اور غریب لفظ نہ آنے پائیں۔ ایک حصہ ۳۸ء میں ضرور شایع ہوجائے گا۔

(۸) حکایات رومی۔

مولانا روم نے اپنی زندۂ جاوید مثنوی میں موقع موقع سے بہت سی حکایتیں بیان کی ہیں جن میں اکثر بہت ہی سبق آموز اور دلچسپ ہیں۔ اہتمام یہ کیا گیا ہے کہ ایسی تمام حکایتوں کو سلیس زبان میں لکھ کر کتاب کی صورت میں شایع کردیا جائے۔ کام ہورہا ہے اور امید ہے کہ آیندہ سال یہ کتاب بھی شایع ہوجائے گی۔

(۹) شکنتلا۔

شکنتلا کالی داس کی مہا تصنیف ہے۔ اس کا ترجمہ دنیا کی تمام شایستہ زبانوں میں ہوچکا ہے۔ اردو میں بھی یہ ڈراما آچکا ہے لیکن مسخ صورت میں۔ اب پہلی بار خاص سنسکرت سے اردو میں

ترجمہ کیا گیا ہے۔ اور اس امر کا التزام کیا گیا ہے کہ کالیداس کی خوبیوں کو قائم رکھا جائے۔

(۱۰) معلومات سائنس۔

اس کتاب میں سائنس کے جدید مسائل اور اکتشافات پر متعدد مضامین ہیں جو علمی لحاظ سے دلچسپ اور پُر از معلومات ہیں۔ ضروری نقشے اور تصویریں بھی شامل ہیں۔ طرز بیان اور زبان کو حتی الامکان سادہ رکھنے کی کوشش کی گئی ہے۔

(۱۱) جان۔

اس کتاب میں حیات کی ابتدا اور اس کے ارتقا کو سلیس زبان میں بیان کیا گیا ہے۔ یہ بہت دلچسپ اور مفید کتاب ہے۔ بہت سے نقشے اور تصویریں بھی دی گئی ہیں تاکہ جو بیانات کتاب میں آئے ہیں وہ آسانی سے سمجھ میں آجائیں۔

(۱۲) تاریخ دستور حکومت ہند۔

اردو میں اس موضوع پر کوئی کتاب نہیں۔ ڈاکٹر یوسف حسین صاحب (ریڈر جامعہ عثمانیہ) نے ایسٹ انڈیا کمپنی سے لے کر اس وقت تک کے تمام آئین و دستور کو اس کتاب میں بوضاحت بیان کیا ہے۔ زمانۂ حال میں ایک ایسی جامع کتاب کی بہت ضرورت تھی اور اسی غرض سے یہ کتاب تالیف کرائی گئی ہے۔ اردو داں طبقے کے لیے یہ خاص طور پر مفید ثابت ہوگی۔

(۱۳) حیات جمال الدین -

سید جمال الدین افغانی گزشتہ صدی کے ان چند نامور اشخاص میں سے ہیں جنھوں نے دنیا میں بڑے بڑے انقلاب پیدا کیے ہیں- ان کی زندگی کے حالات بہت عجیب وغریب اور عبرت آموز ہیں- اگرچہ اس سے قبل اُن کے حالات پر چند مختصر رسالے یا مضامین شایع ہوے ہیں لیکن اب تک کوئی مکمل سوانح عمری نہیں لکھی گئی تھی - قاضی عبدالغفار صاحب نے سالہا سال کی محنت اور کوشش کے بعد ایک مکمل اور جامع سوانح عمری تالیف کی ہی جو ہر لحاظ سے قابل قدر ہی- کتاب ضخیم ہوگئی ہی-

(۱۴) ادبیات روس -

اس موضوع پر پروفیسر محمد مجیب (جامعۂ ملیہ اسلامیہ دہلی) کے مسلسل مضامین رسالۂ اردو میں شایع ہوتے رہے ہیں اور عام طور پر بہت پسند کیے گئے -اب بعد تکمیل و نظرثانی کتاب کی صورت میں شایع کیے جائیں گے -

(۱۵) حیات جاوید -

یہ نہ صرف مولانا حالی کی اعلیٰ تصنیف ہی بلکہ اردو نثر کی بہترین کتاب ہی- یہ سر سید احمد خاں مرحوم کی ہی سوانح عمری نہیں بلکہ اُس زمانے کے مسلمانوں کی تہذیب و معاشرت اور جدوجہد کی تاریخ ہی- یہ کتاب اب کہیں نہیں ملتی - اس لیے خواجہ سجاد حسین صاحب کی اجازت سے انجمن کی طرف سے شایع کرنے کا انتظام کیا گیا ہی-

(۱۶) اخوان الصفا -

یہ وہ مشہور کتاب ہے جسے فورٹ ولیم کالج میں مولوی اکرام علی نے عربی سے اردو میں ترجمہ کیا تھا - یہ متعدد بار شایع ہوئی لیکن بعد کے نسخے بہت غلط چھپے ہیں اور کاتبوں اور مرتبوں نے ان میں بہت کچھ تحریف کر دی ہے - قدیم اور جدید سب نسخے جمع کر کے ایک صحیح نسخہ مرتب کیا گیا ہے جو آیندہ سال شایع کیا جائے گا - یہ سوا سو سال پہلے کی زبان ہے اور اسے بجنسہ قائم رکھا گیا ہے - بہت دلچسپ کتاب ہے اور عالم و عامی دونوں پڑھ سکتے ہیں -

(۱۷) انتخاب انیس -

جب تک اردو زبان زندہ ہے انیس کا کلام زندہ رہے گا اور شوق سے پڑھا جائے گا - لیکن وہ اتنا ضخیم ہے کہ ہر شخص اسے پورا نہیں پڑھ سکتا اور نہ اُس کی خوبیوں کی داد دے سکتا - اس لیے خاص اہتمام اور احتیاط سے اس کا انتخاب کیا گیا ہے اور مختلف عنوانوں کے تحت میر صاحب کا بہترین کلام جمع کر دیا گیا ہے - امید ہے کہ یہ انتخاب بہت مقبول ہوگا -

(۱۸) انتخاب وحید -

اکبر الہ آبادی کے اُستاد اور اپنے زمانے کے مشہور شاعر تھے - ان کے چند شعر مشہور چلے آ رہے تھے لیکن کلام کہیں دستیاب نہیں ہوتا تھا - ان کا دیوان اُن کے خاندان میں محفوظ تھا اور ہر چند بعض اصحاب نے اس کے حاصل کرنے کی کوشش کی مگر کامیابی نہ ہوئی - ہمیں بعض احباب کی عنایت اور

کوشش سے دستیاب ہوگیا ہی۔ بہت ضخیم کلام ہی اور پورا چھاپنے کے قابل نہیں، اس لیے اس کا انتخاب کرلیا گیا ہی جو جلد شایع کیا جاے گا ۔ وحید کے کلام کے مشتاق اس کی ضرور قدر کریں گے ۔

(۱۹) پروفیسر براؤن کی کتاب

(Persian Literature under Tartar Dominions)

اُن کی تاریخ ادبیات ایران کی آخری کڑی ہی۔ اس کتاب میں پروفیسر مرحوم نے آخری چار صدی کی ادبیات کا تذکرہ کیا ہی اور عہد جدید پر ختم کردیا ہی۔ یہ کتاب ادبی اور تاریخی لحاظ سے ترجمہ کے قابل تھی ۔ مولوی سید وہاج الدین صاحب نے اس کا بہت اچھا ترجمہ کیا ہی۔

(۲۰) عرفانیات فانی ۔

حضرت فانی زمانۂ حال کے اردو غزل گو شعرا میں خاص امتیاز رکھتے ہیں ۔ ان کا رنگ بھی سب سے الگ ہی۔ آپ کا کلام اس سے قبل بہت مدت ہوئی "باقیات فانی" کے نام سے شایع ہوا تھا ۔ اس کے بعد بہت کچھ کہا مگر شایع نہ ہؤا۔ اب اِس وقت تک کا پورا کلام "عرفانیات فانی" کے نام سے شایع کیا جاے گا۔

ان میں سے اکثر کتابیں تیار ہوچکی ہیں اور مطبع میں بھی جا چکی ہیں ۔ باقی زیر ترتیب وتالیف ہیں ۔ کوشش کی جاے گی کہ سال آیندہ یہ سب کی سب شایع ہو جائیں ۔

انجمن کے رسالے

انجمن کے ہردو سہ ماہی رسالے "اُردو" اور "سائنس" برابر جاری رہے۔ان کے متعلق کچھ کہنے کی ضرورت نہیں - یہ اُردو زبان میں اپنی نوعیت کے خاص اور ممتاز رسالے سمجھے جاتے ہیں۔

سیکریٹری کا دورہ

اور

انجمن کی شاخوں اور مدرسوں کا قیام

چوموں (جے پور) انجمن ترقیٔ اردو کی اردو کانفرنس منعقدہ علی گڑھ کا ایک نتیجہ یہ ہؤا کہ اردو داں طبقہ اپنی زبان کی ترقی اور اشاعت کی طرف زیادہ مائل ہوچلا ہے۔ ہمارے پُرجوش اور مستعد دوست محمد بہلول خاں دآنا صاحب، بانیٔ انجمن ترقی اردو راجپوتانہ، چوموں (جے پور) نے اپنی انجمن کا الحاق صدر انجمن سے کرلیا اور کام کے لیے زیادہ کمرِ ہمت باندھ لی - یہ اردو کے بڑے زبردست حامی اور بڑے مستعد کام کرنے والے ہیں چنانچہ انھوں نے مہاتما گاندھی سے اردو کی اشاعت کے سلسلے میں خط و کتابت کی جو اخباروں میں شایع ہوچکی ہے۔ اس انجمن کے ۲۱۰ ارکان ہیں۔ چالیس مکتب اس سے متعلق ہیں جن میں طلبہ کی مجموعی تعداد گیارہ سو کے قریب ہے۔ انجمن کا اپنا کتب خانہ ہے جس میں دو ہزار سے زیادہ کتابیں ہیں۔ ایک دارالمطالعہ بھی ہے۔ دس اخبار اور رسائل آتے ہیں۔

بالاپور (برار) ایک دوسری انجمن بالاپور (برار) میں الحاج ~~خان بہادر سید محمود صاحب قادری جاگیردار~~ مولوی سید شاہ امام اللہ صاحب نقشبندی جاگیردار کی سرپرستی میں

قائم ہوئی ۔ اس کے صدر قابل نوجوان سید آل محی الدین صاحب ہادی نقشبندی جاگیردار اور ناظم حکیم محمد معصوم صاحب آرمان ہیں ۔ انجمن نے اپنا کتب خانہ بھی قائم کرلیا ہو جس میں اردو کی کتابیں ڈیڑھ سو سے زائد ہیں۔ اب کوشش ہورہی ہو کہ اس میں اضافہ کیا جائے ۔ ایک دارالمطالعہ بھی ہو جس میں ڈیڑھ درجن کے قریب اخبار اور رسائل آتے ہیں ۔ افسوس ہو کہ ناگپور یونیورسٹی جس سے یہ علاقہ متعلق ہو امیدواران امتحانات علوم مشرقی کے لیے اردو میں قواعد و ضوابط نہیں چھپواتی ۔ اس انجمن نے اس کمی کو محسوس کرکے قواعد و نصاب اردو میں شائع کرنے کا انتظام کیا ہو ۔ علاوہ اس کے چند ایک علمی ادبی کتابیں بھی انجمن کی طرف سے شائع ہوئی ہیں ۔

پشاور (سرحد)

دائرہ ادبیہ پشاور نے بھی جس کے ناظم عبدالودود خاں صاحب قمر بی اے ہیں ، اپنا الحاق انجمن سے کرلیا ہو ۔ اس ادارہ کے نوجوان کارکن پوری دلچسپی سے اردو کی اشاعت میں کوشاں ہیں ۔ انھوں نے اردو ۔ ہندی سرکلر کی تنسیخ کے خلاف صدائے احتجاج بلند کی اور وزیر اعظم کی توجہ اس کی طرف مبذول کرائی ۔ آل انڈیا ریڈیو سٹیشن پشاور میں تحریک کی کہ اردو کے عمدہ اور بلند پایہ مضامین نشر کیے جائیں چنانچہ اس پر بہت کچھ عمل درآمد بھی ہوچکا ہو ۔ اس ادارے نے اپنا کتب خانہ بھی قائم کرلیا ہو جس میں اردو کی ڈیڑھ سو کتابیں ہیں ۔ اب اس میں اضافہ کے لیے کوشش ہورہی ہو ۔

دورانِ سال میں "بزمِ ادب کوہاٹ" نے اپنا الحاق اس ادارہ سے کیا - بزم کے صدر محمد جلیل احمد خاں صاحب رآز بنگش منشی فاضل اور ناظم وزیر محمد خاں صاحب آذر منشی فاضل ہیں -

ناگپور (سی-پی) ناگپور میں حکیم مولوی اسرار احمد صاحب کی کوشش سے انجمن کی شاخ قائم ہوئی - حکیم صاحب بہت ہی پُرجوش اور مخلص کام کرنے والے ہیں - انجمن کے سیکرٹری عبدالجبّار خاں صاحب ہیں جو بڑی تندہی اور خلوص سے کام کرتے ہیں - انجمن کا اپنا کتب خانہ بھی ہے جس میں پانچ ہزار سے زاید اردو کی کتابیں ہیں - ایک دارالمطالعہ ہے جس میں اردو کے علاوہ انگریزی اخبارات بھی آتے ہیں - انجمن سے متعلق ایک شبینہ اردو مدرسہ ہے جس میں ۴۲ طلبہ تعلیم پا رہے ہیں -

اسی سال یہاں کی انجمنِ اتحادِ طلبہ نے اِس انجمن سے اپنا الحاق کیا - اس کے ماتحت بھی ایک شبینہ اردو مدرسہ ہے جس میں ۲۵ طلبا تعلیم پا رہے ہیں -

ناگپور میں تین اور کتب خانے بھی ہیں جو اچھا کام کر رہے ہیں -

جموّں "بزمِ اردو جموّں و کشمیر، جموّں" نے انجمن سے اپنا الحاق کرلیا - اس کے صدر جناب پنڈت دینا ناتھ صاحب مسؔت کشمیری اور نائب صدر پنڈت وشوا ناتھ صاحب ماہؔ بی اے ہیں - جنرل سیکرٹری جنابِ قیس شروانی ہیں - اس بزم نے سال کے ابتدائی حصے میں بہت گرمجوشی دکھائی اور بہت سے مفید کام بھی کیے، لیکن

جوں جوں سال گزرتا گیا کارکنوں کا جوش بھی ٹھنڈا پڑتا گیا۔ حتیٰ کہ معمولی مراسلات کا جواب دینا بھی ان لوگوں کے لیے مشکل ہوگیا۔

اجمیر یہاں بھی انجمن کی ایک شاخ مولوی عبدالباری معنیؔ صاحب کی سعی سے قائم ہوئی ہے۔ مولوی صاحب موصوف اس کے سیکرٹری ہیں اور محمد حمیداللہ خاں صاحب یوسف زئی، پروفیسر گورنمنٹ کالج اس کے صدر ہیں۔ اس کے ماتحت ایک جمعیۃ الشعراء بھی ہے جو اپنے جلسے کرتی رہتی ہے۔ انجمن نے شعبۂ تالیف و تصنیف بھی قائم کیا ہے۔ اس وقت تذکرۂ شعرائے اجمیر اور تذکرۂ علمائے اجمیر زیر ترتیب ہیں۔ اردو پریس کے نام سے ایک مطبع قائم کرنے کی کوشش بھی جاری ہے۔

میرٹھ (یو۔پی) میرٹھ میں ڈاکٹر امتیاز احمد خاں صاحب شروانی کی سعی سے انجمن کی شاخ قائم ہوئی۔ ڈاکٹر صاحب کا تبادلہ سہارنپور ہوگیا تو انجمن کے سیکرٹری قاضی زین العابدین صاحب سجّاد مقرر ہوئے۔ اس انجمن کے صدر مولوی محمد شریف خاں صاحب شروانی ایم اے ڈپٹی انسپکٹر مدارس اسلامیہ، میرٹھ سرکل ہیں۔

انجمن کا اپنا کوئی کتب خانہ نہیں لیکن دوسرے کتب خانوں کی بہتری کے لیے کام کرتی رہتی ہے۔ نیز جن مدارس میں اردو کی تعلیم کا انتظام نہیں وہاں کے منتظمین سے مل کر اردو جاری کرنے کی ترغیب دیتی رہتی ہے۔

نرسنگ پور (سی۔پی) یہاں ایک کتب خانہ "فلاح عام" کے نام سے قائم ہے جس کے صدر محمد احمد صاحب

وکیل ہیں۔ اس کے علاوہ محمد احمد صاحب نے انجمن کی شاخ بھی قائم کرلی ہی۔ یہاں لڑکیوں کا ایک مدرسہ ہی جس کا نام اردو گرل سکول ہی یہ مدرسہ بھی محمد احمد صاحب کی مساعی سے چل رہا ہی۔ انجمن ترقی اردو کے سیکرٹری ماسٹر حمایت یزداں صاحب ہیں۔

احمدآباد (گجرات) اسی سال احمدآباد میں بھی ایک شاخ قائم ہوئی ہی جس کے صدر جناب ایچ بی مشہدی صاحب ڈپٹی ایجوکیشنل انسپکٹر اور نائب صدر خاں صاحب ایم او قریشی ہیں۔ دوسرے نائب صدر سید مصطفیٰ حسن قادری صاحب ہیں۔ جنرل سیکرٹری سید احمد امین صاحب قادری اور جائنٹ سیکرٹری رضی میاں فاروقی صاحب سپرنٹنڈنٹ اردو مدارس احمدآباد میونسپلٹی ہیں۔

بھوساول (خاندیش) یہاں ایک انجمن "بزمِ ادب" کے نام سے کام کررہی ہی۔ اس کا الحاق صدر انجمن سے ہوچکا ہی۔ اس کے سرپرست جناب نواب سیّد امین الدین احمد صاحب آئی سی ایس، صدر سید آلِ حسن صاحب آئی۔ او۔ ڈبلیو، نائب صدر مولانا احمد حسین صاحب، سیکرٹری منشی شیخ عبّاس صاحب اور نائب سیکرٹری صفی اللہ انعامدار صاحب ہیں۔ بزم کے ماتحت ایک شبینہ اردو مدرسہ بھی قائم ہوا ہی جس میں پندرہ طلبہ تعلیم پا رہے ہیں۔

بھوساول میں ایک لائبریری بھی ہی جس کا تعلق اگرچہ بزم کے ساتھ نہیں لیکن بزم کے سیکرٹری صاحب ہی اس کے ناظم و

نگراں ہیں -

میں نے تقریباً دو مہینے (مئی اور جون) جنوبی ہند کے دورے میں صرف کیے - اس سے میرا مقصد یہ تھا کہ معلوم کروں کہ اس علاقے میں اردو زبان کی کیا حالت ہے اور مزید اشاعت و ترویج کی کیا صورت ہوسکتی ہے -

زبان کے لحاظ سے مدراس تین حصوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے - آندھرا، مالابار اور تامل ناڈ - آندھرا میں ہندو مسلمان سب اردو سمجھتے ہیں اور مسلمانوں میں عام طور پر اردو کا رواج ہے - مالابار میں کم ہے - وہاں ماپلوں کی بہت بڑی آبادی ہے، یہ تخمیناً بارہ تیرہ لاکھ ہیں - یہ اردو پڑھنے کے شائق پائے گئے - تامل ناڈ کے بعض حصوں میں اردو بخوبی رائج ہے -

مدراس کے بعض علاقوں میں اردو کا رواج کئی صدی سے پایا جاتا ہے اور وہاں اردو کے اچھے شاعر اور ادیب ہوئے ہیں - مسلمان ہر جگہ اردو کو اپنی قومی زبان خیال کرتے ہیں اور اردو پڑھنے کی کوشش کرتے ہیں - ریاست میسور اور خاصکر بنگلور میں اردو کا عام رواج ہے - بنگلور کالج کے طلبہ اور اساتذہ نے ایک جلسہ کیا تھا جس میں میں بھی مدعو تھا - اُن کی تقریریں اور مضامین سُن کر مجھے بڑی حیرت ہوئی، یہ معلوم ہوتا تھا گویا میں حیدرآباد یا علی گڑھ میں بیٹھا ہوں -

مدراس سب سے پہلے میں مدراس پہنچا اور وہاں انجمن کی ایک شاخ قائم کی جس کے صدر مولوی محمد علی صاحب ایم اے (کنٹب)، سیکرٹری افضل العلما مولانا سید عبدالوہاب بخاری صاحب ایم اے ایل ٹی ، ایم ایل سی، جائنٹ سیکرٹری مولوی محمد حسین صاحب محوی ، صدیقی ، لکھنوی ، لیکچرار اردو مدراس یونیورسٹی اور دوسرے جائنٹ سیکرٹری سید سلطان محی الدین صاحب بھنی مقرر ہوئے - افسوس ہے کہ اس انجمن نے سال کے اختتام تک کوئی زیادہ اہم کام نہیں کیا۔

مدراس میں شاخ قائم کرنے کے بعد میں اوٹاکمنڈ چلا گیا۔ چند روز بعد اوٹی کے قرب وجوار کے قریات کا دورہ کیا - وہاں کے بعض صاحبوں سے ملاقات کی تو معلوم ہوا کہ وہ اردو کی اشاعت کے لیے ہر طرح آمادہ ہیں - ڈسٹرکٹ بورڈ کے مدارس ان قصبات میں موجود ہیں جہاں مسلمان طلبہ اردو پڑھتے ہیں لیکن بہت سے ایسے لڑکے یا بڑی عمر کے آدمی بھی اردو پڑھنا چاہتے تھے جو دن کے وقت مدرسے میں حاضر نہیں ہوسکتے تھے لہذا ایسے لوگوں کے لیے میں نے انجمن کی طرف سے شبینہ مدارس قائم کردیے اور مدرسین کے لیے کچھ معاوضہ مقرر کردیا اور کتابیں مفت انجمن کی طرف سے مہیا کردیں۔ ان مدرسوں کے ذریعے اس پانچ چھے ماہ کے عرصے میں کافی لوگ اردو پڑھنا لکھنا سیکھ گئے ہیں - جن مقامات پر مدرسے قائم ہوئے وہ یہ ہیں :-

اوٹاکمنڈ یہاں میونسپل محمڈن اسکول کے مکان میں شبینہ مدرسہ

قائم کیا گیا اور سید عبدالعزیز صاحب بخاری جو اسی اسکول میں ملازم ہیں، مدرس مقرر ہوئے - سید صاحب کی کوشش سے یہ مدرسہ بہت ترقی کررہا ہے - اس میں دس غیرمسلم اصحاب بھی اردو پڑھ رہے ہیں جو اکثر و بیشتر دفاتر میں ملازم ہیں -

کونور یہاں ایک عام جلسہ زیرِ صدارت خاں صاحب اسماعیل سیٹھ ہُوا اور سب کے اتفاق سے شبینہ مدرسہ قائم کرنے کی تجویز ہوئی - خاں صاحب، سیٹھ عبدالستار صاحب اور سیٹھ فقیر محمد صاحب وغیرہ نے مدرس کی تنخواہ اور سامان وغیرہ کی امداد کا وعدہ کیا لیکن افسوس کہ اِن صاحبوں نے وعدہ وفا نہ کیا - چونکہ اس مقام پر فی الواقع ایک شبینہ مدرسہ کی اشد ضرورت تھی اس لیے انجمن نے سب خرچ اپنے ذمہ لے کر مدرسہ جاری کردیا -

کوتگری یہاں بھی اسی قسم کا ایک شبینہ مدرسہ قائم کیا گیا - قاسم علی سیٹھ صاحب یہاں کے ایک تاجر ہیں - انھیں اردو سے بڑی دلچسپی ہے - روشنی کا خرچ انھوں نے اپنے ذمہ لیا - مدرس کا الاؤنس اور طلبہ کے لیے کتابیں انجمن کی طرف سے مہیّا کی جاتی ہیں -

میٹ پالیم یہاں ایک صاحب سے ملاقات ہوئی جو یہاں کے ذی اثر آدمی ہیں - ان کا نام جعفر محمد سیٹھ ہے - یہ اردو کے بڑے حامی ہیں - انھوں نے نہ صرف میٹ پالیم میں شبینہ مدرسہ قائم کرنے میں مدد دی بلکہ اردگرد کے علاقے میں بھی میرے ساتھ گئے اور مدرسے قائم کرائے -

سرمگای

یہاں ڈسٹرکٹ بورڈ کا ایک اردو مدرسہ ہی جس میں لڑکے اور لڑکیوں کی مخلوط تعلیم ہوتی ہی- لیکن بڑی عمر کے لوگ جو اردو پڑھنے کا شوق رکھتے تھے، اس سے محروم تھے اس لیے انجمن کی طرف سے شبینہ مدرسہ قائم کیا گیا- کتابیں انجمن مہیا کرتی ہی اور روشنی کا خرچ بھی انجمن کے ذمہ ہی- یہ مدرسہ بڑی کامیابی سے چل رہا ہی- پچاس کے قریب طلبہ تعلیم پا رہے ہیں جن میں سے اکثر بڑی عمر کے ہیں- چھے غیر مسلم بھی اس مدرسہ میں اردو پڑھ رہے ہیں اور یہ تمام کامیابی اس مدرسہ کے مدرس منشی آئی عبدالقادر خاں صاحب کی بدولت ہوئی ہی-

بکتور

سرمگای سے دو میل کے فاصلے پر ایک چھوٹا سا گانو ہی- یہاں مسلمانوں کی کافی آبادی ہی لیکن ان کے بچوں کے لیے تعلیم کا کوئی انتظام نہ تھا- اس لیے انجمن کی طرف سے دن کا ایک مدرسہ جاری کیا گیا- مدرس یہاں کے قاضی محمد ابراہیم صاحب ہیں جو ہر روز سرمگای سے پیدل چل کر آتے ہیں- یہ مدرسہ بارونق ہی اور مسلمانوں کی بہت بڑی ضرورت کو پورا کرتا ہی-

کارمڑے

یہاں بھی کوئی مدرسہ نہ تھا حالانکہ مسلمانوں کی اچھی خاصی آبادی ہی- اہل دیہہ نے اردو کے مدرسہ کے لیے بہت شوق ظاہر کیا اور وعدہ کیا کہ پانچ روپے ماہوار جمع کیا کریں گے باقی خرچ انجمن دے- چنانچہ دن کا مدرسہ جاری کردیا گیا جس میں لڑکے اور لڑکیاں مل کر تعلیم پاتے ہیں- لیکن افسوس ہی گانو والے

اپنے وعدے کو پورا نہ کرسکے - اب یہ مدرسہ صرف انجمن کے خرچ سے چل رہا ہی -

انوّر یہاں دن کا ایک مدرسہ ہی - بڑی عمر کے لوگ اردو پڑھنا چاہتے تھے اس لیے ان کے لیے ایک شبینہ مدرسہ جاری کیا گیا- روشنی کا انتظام طلبہ نے اپنے ذمہ لیا اور منشی محمد اکبر خاں مدرس مقرر ہوئے -

یہاں ڈسٹرکٹ بورڈ کا ایک مڈل سکول بھی ہی جس میں پچاس ساٹھ کے قریب مسلمان بچے پڑھتے ہیں لیکن وہاں اردو کا کوئی انتظام نہیں - مقامی لوگ کوشش کر رہے ہیں کہ اردو کے لیے ایک مدرس کا تقرر منظور ہو جائے -

ارون کاڈو یہاں گورنمنٹ کا بارود کا کارخانہ ہی جس میں بہت سے مسلمان کام کرتے ہیں لیکن ان کے بچوں کی تعلیم کا کوئی انتظام نہ تھا- چاند خاں صاحب جو کارخانے کے دفتر میں ملازم ہیں ، ایک عرصے سے کوشش کر رہے تھے کہ اردو کا کوئی مدرسہ قائم ہوجائے - مجھے اپنے دورے کے وقت پوری کیفیت معلوم نہ ہوسکی- دریافت حالات پر میں نے وہاں مدرسہ جاری کرنے کی اجازت فوراً دے دی چنانچہ یہ مدرسہ بڑی خوبی سے چل رہا ہی- اس میں ۲۴ بچے تعلیم پا رہے ہیں اور اس کا تقریبًا نصف خرچ انجمن ادا کر رہی ہی-

سب سے آخر میں مالابار پہنچا اور وہاں کا دورہ افضل العلما مولوی عبدالحق صاحب ایم اے ، پروفیسر گورنمنٹ محمڈن کالج مدراس

کے ہمراہ گیا - یہ بہت ہی شاداب اور پُرفضا علاقہ ہے- کالی کٹ کو
ہم نے اپنا مستقر بنایا اور وہاں سے روز صبح کو نکل جاتے تھے اور
شب کو واپس آجاتے تھے -

تیلیچری تیلیچری میں ہمیں خان بہادر ٹی ایم موئیدو صاحب ایم ایل
سی، نے مدعو کیا - یہ اردو خوب جانتے ہیں-اردو کے بڑے
حامی اور بہت باہمّت اور پُرجوش شخص ہیں - خان بہادر صاحب نے
انجمن کی شاخ قائم کی جس کے صدر خان بہادر صاحب اور سیکرٹری
محمد عمر صاحب منشی فاضل تجویز کیے گئے -

یہ انجمن اچھا کام کررہی ہے- اس کے ماتحت ایک شبینہ مدرسہ
بھی جاری ہے جس کا نصف خرچ صدر انجمن ادا کررہی ہے- کتابیں
بھی صدر انجمن کی طرف سے مہیّا کی جاتی ہیں -

کالی کٹ یہاں انجمن حمایت اسلام ہے جس کا مدرسہ بہت آباد اور
بھرا پُرا ہے-طلبہ کی تعداد ساڑھے پانچ سو ہے - وہاں
اردو نصاب میں داخل نہ تھی لیکن اہل مدرسہ نے ہماری تحریک پر
اردو کو تعلیم میں شریک کردیا ہے - اس مدرسے کے طلبہ کو انجمن ترقی
اردو کتابیں رعایتی قیمت پر دیتی ہے-

مالابار کے دس بارہ مقامات پر مدرسے قائم کرنے کی تجویز ہوئی
جن کو خرچ کا کچھ حصہ انجمن ترقی اردو دے گی اور کتابیں جو طلبہ کے
لیے درکار ہوں گی سب انجمن کی طرف سے دی جائیں گی -

ترونّاملے

مولوی سید سلطان محی الدین صاحب بہتی جائنٹ سیکرٹری انجمن ترقی اردو مدراس اور مولوی رشید احمد ایم اے (لوڈیل) نے ستمبر میں شمالی اور جنوبی آرکاٹ کے بعض مقامات کا دورہ کیا۔ ترونّاملے شمالی آرکاٹ میں ایک مشہور قصبہ ہی وہاں نوجوانوں کی ایک انجمن ینگ مسلم سوسائٹی کے نام سے ہی۔ اس سوسائٹی کے ارکان نے اردو کا مدرسہ قائم کرنے کے لیے آمادگی ظاہر کی چنانچہ ایک شبینہ مدرسہ قائم کیا گیا جس کا کچھ خرچ انجمن ترقی اردو کے ذمہ ہی۔

لوڈیل

یہاں فوجی یورپینوں کے بچوں کی تعلیم کے لیے ایک بہت بڑی درسگاہ ہی جس میں (پرائمری کی جماعتوں کے سوا) سب لڑکوں کے لیے اردو لازمی ہی۔ اردو کی تعلیم کا انتظام بھی نہایت اچھا ہی۔ سٹاف میں باقی سب یورپین لوگ ہیں لیکن اردو کے لیے دو اعلیٰ تعلیم یافتہ ہندستانی استاد رکھے گئے ہیں۔ یہ دونوں صاحب اردو سے حقیقی محبت رکھتے ہیں اور بہت پُرجوش اور مخلص کام کرنے والے ہیں۔ انھوں نے "نیلگری اردو سوسائٹی" کے نام سے انجمن کی ایک شاخ بھی قائم کی ہی جس کا سب سے بڑا مقصد عوام میں اردو کی اشاعت کرنا ہی۔ دوسری شاخ "لارنس اردو سوسائٹی" کے نام سے ہی۔ یہ یورپین طلبہ کے لیے ہی اور بڑی جماعتوں کے تمام طالب علم اس کے رکن ہیں۔

انجمن کے مدرسے جو ہیں نے جون میں دورہ کرکے نیلگری کے

علاقے میں قائم کیے تھے وہ بخوبی چل رہے ہیں - ان مدرسوں کو نیلگری اردو سوسائٹی کی نگرانی میں دے دیا گیا ہے - سوسائٹی کے صدر محمد سردار خاں صاحب ایم اے بی ٹی اور سیکرٹری مولوی رشید احمد ایم اے بڑے شوق اور محنت سے وقتاً فوقتاً ان کا معاینہ کرتے رہتے ہیں اور ان کی اصلاح و ترقی میں کوشاں ہیں - ہر مہینے رپورٹ وصول ہوتی رہتی ہے -

---

اکتوبر میں میں نے چند روز اضلاع آرکاٹ کے دورے میں صرف کیے تاکہ وہاں کے اسلامی مدارس وغیرہ کا معاینہ کرکے اس امر کا اندازہ کروں کہ وہاں اردو کی تعلیم نیز اردو زبان کی عام حالت کیسی ہے - مجھے اس سے بہت خوشی ہوئی کہ اس علاقے میں اردو کا عام چرچا ہے - مسلمان تو اکثر اسے قومی اور مادری زبان سمجھ کر پڑھتے اور بولتے ہیں لیکن ہندو بھی اسے سمجھتے اور اسلامی مدارس میں پڑھتے لکھتے ہیں -

مندرجہ ذیل مدارس کا میں نے معاینہ کیا - اردو اِن سب میں پڑھائی جاتی ہے اور ذریعۂ تعلیم زیادہ تر اردو ہی ہے - صرف دو ایک مدرسوں میں تامل ذریعۂ تعلیم ہے -

(۱) مدرسہ لطیفیہ ویلور - (۲) مدرسہ باقیات الصالحات ویلور
(۳) اسلامیہ مڈل سکول وشاورم - (۴) اسلامیہ مڈل سکول پرنام بیٹ -
(۵) جامعہ دارالسلام عمرآباد - (۶) منظر العلوم مڈل سکول آمبور

(۷) اسلامیہ ہائی سکول وانم باڑی - (۸) انٹرمیڈیٹ کالج وانم باڑی - (۹) مدرسہ معدن العلوم وانم باڑی - (۱۰) مدرسہ عثمانیہ ترپتور - (۱۱) مدرسہ فتح مبین ترپتور - (۱۲) اردو مدرسہ سنگھم - (۱۳) اردو نائیٹ سکول ترونا ملے - (۱۴) اسلامیہ مڈل سکول ٹنڈی ونم -

ٹنڈی ونم | موخرالذکر مدرسہ کو مسلم ایجوکیشنل ایسوسی ایشن ٹنڈی ونم چلا رہی ہے - یہ نہایت بارونق سکول ہے - معاینہ کے دوران میں مجھے یہ معلوم کرکے افسوس ہُوا کہ گورنمنٹ نے ابھی تک اس مدرسے کے لیے کوئی امداد منظور نہیں کی - مدرسے کے صدر ایک قابل ہندو ہیں جو بڑی ہمدردی سے کام کرتے ہیں - مدرسے کا مکان بھی ایک ہندو ہمدرد نے نذر کیا ہے - تعداد طلبہ مجموعی طور پر ساڑھے تین سو کے قریب ہے جو سب کے سب اردو پڑھتے ہیں ان میں سے دو سو کے قریب ہندو ہیں اور یہ ہندو طلبہ بھی اردو ویسے ہی شوق سے پڑھتے ہیں جیسے مسلمان طلبہ - مدرسہ کے متعلق ایک دارالاقامہ اور ایک یتیم خانہ بھی ہے - ایسوسی ایشن ایک گرل سکول بھی چلا رہی ہے - اردو گرل سکول میں بھی پڑھائی جاتی ہے - کارکنان ایسوسی ایشن کی درخواست پر اردو پڑھانے والے اساتذہ کی تنخواہوں کے سلسلے میں انجمن کی طرف سے پچیس روپے ماہوار کی امداد منظور کی گئی ہے -

---

الہ آباد | وسطِ دسمبر میں مجھے الہ آباد جانے کا اتفاق ہُوا - چونکہ علی گڑھ

کانفرنس میں یہ طے کیا گیا تھا کہ الہ آباد میں بھی انجمن کی ایک شاخ ہونی چاہیے ، میں نے موقع کو غنیمت جان کر بعض اصحاب سے اس کے متعلق گفتگو کی - معلوم ہوا کہ یہاں پہلے سے ایک انجمن موجود ہے جو اردو کی ترویج و اشاعت کے سلسلے میں کام کر رہی ہے - اس لیے بہتر یہی خیال کیا گیا کہ اس انجمن سے تعاون کیا جائے - اس کا نام "انجمن انیسِ اردو الہ آباد" ہے - کارکنانِ انجمن سے گفتگو ہوئی تو اُنھوں نے تعاون کے خیال کو بہت پسند کیا - چنانچہ اس کی انتظامیہ کمیٹی نے الحاق منظور کر لیا - اب "انجمن انیسِ اردو" پہلے سے زیادہ سرگرمِ کار ہے - اس کے صدر جناب مفتی فخر الاسلام صاحب اور معتمد اعلیٰ سید اختر حسین صاحب ہیں -

---

پنجاب میں لوگوں کو اردو سے دلچسپی ضرور ہے مگر اس کو زیادہ مقبول اور ہر دل عزیز بنانے کے لیے تنظیم کی سخت ضرورت تھی - اس غرض کے لیے پچھلے سال میاں بشیر احمد صاحب، بی اے (آکسن) بار ایٹ لا ، لاہور کی سعی سے "انجمن اردو پنجاب" کا وجود قائم ہوا - پچھلا سال تو ابتدائی مراحل ہی میں گزرا مگر اس سال انجمن نے بہت کام کیا - اخبارات و رسائل میں اردو کی ترویج ، ترقی اور اشاعت کے سلسلے میں مضامین شایع کیے ، علمی اور ادبی جلسے منعقد کیے ، مشاعروں کا انتظام کیا اور ریڈیو پر تقریریں کیں - لیکن سب سے بڑا کام شاخوں کی تنظیم ہے - سال زیرِ رپورٹ میں مندرجہ ذیل شاخیں قائم

اور ملحق ہوئیں :-

(۱) انجمن اردو باغبانپورہ۔ (۲) انجمن اردو جالندھر (۳) انجمن اردو راولپنڈی ۔ (۴) مجلس اردو گوجرانوالہ (۵) بزم ادب جھنگ ۔

یہ شاخیں اپنے اپنے حلقہ میں کام کر رہی ہیں ۔

لائل پور ان پانچ کے علاوہ لائل پور میں بھی ایک اور انجمن کی اطلاع صدر انجمن میں وصول ہوئی ہے جس کا نام "انجمنِ ارباب ذوق" ہے۔

اسی طرح صوبہ بہار کی انجمن نے اس سال کچھ شاخوں کے قیام اور تنظیم کا کام کیا ہے جن میں سے مندرجہ ذیل قابلِ ذکر ہیں:-

(۱) بہار شریف ۔ یہاں پہلے سے ایک کتب خانہ اور دارالمطالعہ قائم تھا ۔ باضابطہ شاخ قائم ہونے سے اِس میں ایک نئی روح آگئی ہے۔ مولوی صدرالدین صاحب وکیل نے تیس کتابیں اس کتب خانے کو مرحمت فرمائی ہیں۔ (۲) باڑھ۔یہاں دو مدرسے ہیں لیکن ان کی حالت زیادہ اطمینان بخش نہیں ۔ "انجمن ترقی اردو باڑھ" سے توقع ہے کہ وہ ان کی حالت سدھارنے کی کوشش کرے گی۔ بعض مساجد میں بھی مکاتب قائم کرنے کی تجویز ہو رہی ہے۔ (۳) مظفرپور: یہاں مولانا شاہ نعمت اللہ صاحب کی سرپرستی میں ایک "مجلسِ مشاعرہ" قائم تھی ۔ مولانا موصوف نے بڑی خوشی سے اس کا نام "انجمن ترقی اردو مظفرپور" میں بدل دینا منظور فرمالیا اور اس جدید انجمن کے کتب خانے کے لیے بہت سی کتابیں عطا فرمائیں ۔ (۴) دربھنگہ میں مولوی

عبدالودود صاحب وکیل کی سعی سے انجمن ترقی اردو قائم ہوئی ہے۔ مولوی صاحب اپنے ضلع کی تنظیم میں بھی کام کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ (۵) ضلع ہزاری باغ میں پروفیسر محمد مسلم صاحب نے ایک شاخ قائم کی ہے۔ پروفیسر صاحب اردو سے بڑی دلچسپی رکھتے ہیں۔ ان مقامات کے علاوہ (۶) قصبہ سیوان اور (۷) قصبہ کشن گنج میں بھی انجمن کی شاخیں قائم ہو چکی ہیں۔

مذکورہ بالا شاخوں کے علاوہ صوبہ بہار میں ذیل کے مقامات پر بھی بعض ہمدردوں نے انجمن ترقی اردو (ہند) کی شاخیں قائم کی ہیں۔ میں چاہتا ہوں کہ ان کا تعلق صدر انجمن سے اپنے صوبے کی انجمن کی وساطت سے ہو۔

چھپرا بہار کا ایک ضلع سارن ہے جس کا صدر مقام چھپرا ہے۔ یہاں قاری احمد کریم صاحب کریم نے ایک شاخ قائم کی ہے اور اس کا نام "انجمن ترقی اردو سارن" رکھا ہے۔ قاری صاحب اردو کے بڑے حامی ہیں۔ انھوں نے انجمن کے ماتحت ایک دارالمطالعہ بھی قائم کیا ہے اور اب مکاتب قائم کرنے میں کوشاں ہیں۔ ان کے رفیق مولوی سید صالح حسین صاحب بھی بڑی دلچسپی لیتے ہیں۔

رسولپور نستا ضلع دربھنگہ (بہار) میں بھی ایک شاخ قائم ہوئی ہے جس کے سیکرٹری اعجاز احمد صاحب اعجاز ہیں۔ اس انجمن کے متعلق تین پرائمری سکول ہیں۔ ایک تو خاص رسولپور نستا میں، دوسرا ناصر گنج میں اور تیسرا بھگوتی پور میں۔ مدرسوں کی مالی

حالت کچھ اچھی نہیں - اگر علاقے کے لوگ متوجہ ہوں تو یہ مدرسے بخوبی چل سکتے ہیں - اعجاز صاحب نے انجمن کے ماتحت ایک دارالمطالعہ بھی قائم کرلیا ہی -

کاکو ضلع گیا (بہار) میں ایک مقام کاکو ہیں "بزمِ کمال" قائم ہی - جس کے سیکرٹری سید شاہ منظورالرحمٰن صاحب اختر ہیں - شاہ صاحب کو اردو سے خاص شغف ہی اور وہ اس کی اشاعت میں خاص طور پر کوشاں ہیں - بزم کے ماتحت ایک کتب خانہ بھی ہی - کارکنانِ بزم کتب خانہ کی عمارت بنوانے کی کوشش کررہے ہیں -

امراؤتی برار میں اس سال ایک اور شاخ قائم ہوئی ہی جس کے ناظم مرزا منظور حسین صاحب ایم اے (علیگ) اس انجمن کے ارکان بہت کم ہیں لیکن مرزا صاحب کی مساعی سے ایک دارالمطالعہ بھی قائم ہوگیا ہی جس سے کافی لوگ مستفید ہو رہے ہیں - اہلِ امراؤتی کو مرزا صاحب کی اعانت میں دریغ نہیں ہونا چاہیے -

بھوپال یہاں مولانا سید عبدالجلیل مائلؔ نقوی صاحب کی مساعی سے ایک انجمن ۱۹۳۳ء سے قائم ہی - مائل صاحب خود اس کے صدر ہیں اور محمد وکیع صاحب کلیم ایم اے سیکرٹری ہیں - اس انجمن کا کام زیادہ تر علمی و ادبی ہی - اس کے ماتحت ایک شعبۂ تصنیف و تالیف بھی ہی - انجمن نے سال بھر میں ساٹھ مضامین اور پچے اصلاحی نظمیں مختلف جرائد میں شائع کرائیں - آٹھ علمی مقالے

پڑھے گئے اور گیارہ کتابیں تیار ہوئیں۔ تعجب کی بات ہو کہ ایسی مفید انجمن کا اپنا کوئی کتب خانہ نہیں۔ اس کا سبب غالبًا اہلِ بھوپال کی بے اعتنائی ہو۔

[ضروری نوٹ :-

مالابار اور دیگر مختلف مقامات سے اردو کے مدارس قائم کرنے کے لیے برابر درخواستیں آرہی ہیں لیکن افسوس کہ انجمن کے سرمایہ میں اتنی گنجائش نہیں ہو کہ سب درخواستیں منظور کرلے۔ تاہم جہاں زیادہ ضرورت معلوم ہوتی ہو وہاں مدرسہ قائم کرنے کی کوشش کی جاتی ہو۔ ہمیں اردو کے بہی خواہوں سے امید ہو کہ وہ اس کام میں ہمارا ہاتھ بٹائیں گے۔ کم سے کم اگر صاحبِ ثروت اصحاب ایک ایک مدرسہ ہی کا کل یا نصف خرچ اپنے ذمے لے لیں تو انجمن بہت سے مدرسے قائم کرکے ملک کے دور دراز مقامات میں اردو کی اشاعت کرسکتی ہو۔

میں اس ضمن میں جناب ساہوکار جمال محمد صاحب رئیس مدراس کا نہایت شکرگزار ہوں کہ انھوں نے صرف ہمارے کام کو دیکھ کر بغیر کسی درخواست کے ازراہِ قدردانی و ہمدردی پچھتّر روپے ماہانہ ایک سال کے لیے منظور فرمائے اور ہر مہینے وقت مقررہ پر ان کا منی آرڈر انجمن میں پہنچ جاتا ہو۔ اگر چند ایسے ہمدرد ہمیں مل جائیں تو میں یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ اردو کو خاطرخواہ ترقی اور

کامیابی ہوسکتی ہے - کام کا یہی وقت ہے، اگر یہ وقت ہاتھ سے نکل گیا تو آیندہ بڑی دشواریاں پیش آنے والی ہیں -

نوٹ نمبر۲ - انجمن کو اکثر و بیشتر مقامات پر کتابیں مفت بہم پہنچانی پڑتی ہیں - جن مدارس کو انجمن کوئی مالی امداد نہیں دے سکتی یا جن مدارس کو کسی مالی امداد کی ضرورت نہیں ہوتی وہاں سے غریب طلبہ کے لیے درسی کتابوں کی مانگ آتی رہتی ہے - چنانچہ انجمن نے اس سال ۹۲۶ کتابیں اپنے خرچ سے مختلف مدارس میں بھیجیں جن کی قیمت دوسو چھے روپے دس آنے تین پائی ہوتی ہے -]

آمد و خرچ

انجمن کا خرچ زیادہ تر مطبوعات اور خصوصاً درسی کتب کی فروخت سے چل رہا ہی۔ لیکن انجمن کی بڑھتی ہوئی ضرورتوں کے لیے یہ آمدنی کافی نہیں۔ اور اب چونکہ تمام مُلک میں اس کی تنظیم کرنی ہی اور اس کے مقاصد کو زیادہ وسیع کرنا مدنظر ہی اس لیے زیادہ سرمائے کی ضرورت ہی۔ اس خیال سے ہم نے دولت آصفیہ کی طرف رجوع کی جس کی فیاضی سے مُلک کے اکثر علمی ادارے سیراب ہو رہے ہیں۔ ہماری درخواست کا خلاصہ یہ ہی۔"چونکہ اب انجمن اردو زبان کے ذریعہ سے وسیع پیمانے پر علم و ادب کی اشاعت کرنا چاہتی ہی لہذا اُسے اس غرض کے لیے جامعۂ عثمانیہ کی بچت سے کافی امداد عطا فرمائی جائے۔ جامعہ کا سررشتۂ تالیف و ترجمہ یونیورسٹی کی درسی کتب کے تیار کرنے میں مصروف ہی اور ابھی کچھ مدت تک اسی کام میں مصروف رہے گا۔ اور اس لیے اُسے اپنے دوسرے مقصد کے لیے جو عام اشاعت علم سے متعلق ہی فرصت نہ ہوگی۔ انجمن کو اگر کافی امداد دی جائے تو وہ اس مقصد کو کم خرچ میں بخوبی انجام دے سکتی ہی"۔ اس درخواست پر غور کیا جا رہا ہی۔ ہماری درخواست یہ ہی کہ انجمن کو پینتالیس ہزار روپے سالانہ کی امداد دی جائے۔ اور انجمن ہر سال کم سے کم بیس ایسی مطبوعات شایع کرے گی جن میں بعض اعلیٰ رتبے کی ہونگی اور بعض عام فہم، تاکہ اردو ادب میں ہر قسم کا اضافہ ہو اور ہر طبقے کے لوگ اس سے مستفید ہو سکیں۔ جامعۂ عثمانیہ کی

مجلس اعلےٰ نے چھ سال کے لیے یہ امداد دینا منظور کرلی ہی۔ یہ معاملہ باب حکومت اور اعلیحضرت واقدس کی منظوری کا محتاج ہی۔ اعلیحضرت کی علمی سرپرستی سے امید ہی کہ انجمن کی درخواست کو شرف قبولیت حاصل ہوگا، اور اسی امید پر یہ رقم گوشوارۂ حساب میں درج کردی گئی ہی۔

انجمن کی کارگزاری میں اس سال سے ایک اور باب کا بھی اضافہ ہوگیا ہی - انجمن نے اُن مقامات میں جہاں اردو رائج نہیں یا کم رائج ہی اردو مدارس قائم کرکے اشاعت کا انتظام کیا ہی۔ سب سے اول یہ کام صوبۂ مدراس سے شروع کیا گیا ہی چنانچہ اس سال جن مدارس کے قائم کرنے میں انجمن نے مدد دی اُن کا ذکر ہوچکا ہی۔ ایسے مدارس کے لیے برابر درخواستیں وصول ہورہی ہیں - یہ ممکن نہیں کہ سب درخواستیں منظور کرلی جائیں لیکن جہاں جہاں شدید ضرورت معلوم ہوگی وہاں امداد دینی پڑے گی اور آیندہ سال اس تعداد میں کافی اضافہ ہوجائے گا - اس لیے ۳۸-۱۹۳۷ء کے بجٹ میں ایک معتدبہ رقم اس مد کے تحت میں رکھی گئی ہی - لیکن جب تک اردو کے بہی خواہ اور ہمدرد اس طرف توجہ نہ فرمائیں گے اور ہماری مدد نہ کریں گے ہم زیادہ مدت تک یہ امداد جاری نہیں رکھ سکتے - یہ خوب سمجھ لینا چاہیے کہ اصل کام کا وقت یہی ہی اور ہمیں زیادہ سے زیادہ تین چار سال کا موقع حاصل ہی۔ اگر اس مدت میں ہم نے کچھ کرلیا تو فبہا ورنہ آیندہ ایسی دشواریاں پیش آنے والی ہیں کہ ہمارے بنائے کچھ نہ بن سکے گا۔

ریاست حیدرآباد کا عطیہ صرف کتابوں کی تالیف وغیرہ کے لیے ہی،

